79241 ـ رمضان المبارك میں طبی مالش کا پیشہ اختیار کرنے کا حکم

سوال

رمضان المبارک میں دن کے وقت طبی مالش کرنے کا شعبہ اختیار کرنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

رمضان المبارک میں دن کے وقت روزے کی حالت میں مالش کرنے اور مالش کرانے والے کے روزے پر کوئی اثر نہیں پڑتا، لیکن اس پیشہ کو اختیار کرنے والے شخص کے لیے چند ایك اہم شرعی امور کا خیال کرنا ضروری ہے جسے ہم ذیل میں پیش کر رہے ہیں:

اول:

مرد حضرات کے لیے عورتوں کی مالش کرنا جائز نہیں اور اسی طرح عورتوں کا مرد حضرات کی مالش کرنا بھی حرام ہے؛ کیونکہ اجنبی مرد کا اجنبی عورت کو چھونا حرام ہے، اور اس لیے بھی کہ ایسا کرنا دونوں کے لیے فتنہ و فساد کا باعث ہے اور اس کے ساتھ ساتھ کئی ایك مخالفات بھی پائی جاتی ہیں جن میں سے چند ایك ذیل میں ذکر آئیگا.

دوم:

ستر والی جگہ کی مالش کرنا جائز نہیں، یعنی مرد حضرات کے لیے گھٹنوں سے لے کر ناف تك اور عورت کے لیے سینے سے لیکر گھٹنے تك ستر ہے، الا یہ کہ اس جگہ کے لیے علاج کی ضرورت ہو تو پھر ضرورت کی بنا پر جائز ہوگا.

مزید آپ سوال نمبر (34976) اور (11014) اور (34745) کے جوابات کا مطالعہ ضرور کریں.

سوم:

دونوں شخص یعنی مریض اور معالج ایك دوسرے کے سامنے ننگا مت ہو، یعنی اگر دونوں عورتیں ہیں تو بھی اور اگر دونوں مرد تو بھی سارا جسم ننگا نہ کریں، بلکہ جس جگہ کی مالش اور علاج کرانا مقصود ہو صرف وہی ننگا کیا جائے.

مزید آپ سوال نمبر (5693) کے جواب کا مطالعہ کریں کیونکہ اس میں دروان علاج ستر کو دیکھنے کے اصول و ضوابط بیان کیے گئے ہیں.

چہارم:

اگر عورتوں کے لیے گھر میں ہی مالش کا انتظام ہو جائے تو پھر عورتوں کا مالشیوں کے ہاں جانا جائز نہیں؛ کیونکہ عورت کے لیے گھر سے باہر لباس اتارنا جائز نہیں؛ اور اس لیے بھی کہ ان جگھوں پر تصویر وغیرہ بنانے کا بھی خدشہ موجود ہے.

مزید آپ سوال نمبر (34750) کے جواب کا مطالعہ کریں، اس میں عورت کے لیے خاوند کے گھر کے علاوہ لباس اتارنے کا حکم بیان کیا گیا ہے.

جیسا کہ سوال میں بیان ہوا ہے ہم نے اس کے مطابق شرعی اصول و ضوابط بیان کیے ہیں، رہی وہ مالش جو صرف جسم میں چستی اور نشاط پیدا کرنے کے لیے کی جاتی ہے تو یہ جائز نہیں؛ کیونکہ اس میں بہت ساری شرعی مخالفات پائی جاتی ہیں.

اور اس لیے بھی کہ یہ ضرورت میں شامل نہیں ہوتی، اس کے بارہ میں ہم سوال نمبر (66824) کے جواب میں تفصیل سے بیان کر چکے ہیں، آپ اس کا مطالعہ کریں.

واللہ اعلم